# ملتان بورڈ 2024ء

**معروضی طرز**

PAPER CODE NUMBER:2547

2024 (1st-A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں)

رول نمبر ____________

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

اصول معاشیات

پرچہ - پہلا

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

**Note:** You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct, fill that bubble in front of that question number, on bubble sheet. Use marker or pen to fill the bubbles. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

| D | C | B | A | سوالات | |
|---|---|---|---|---|---|
| مقدار × قیمت $Q \times P$ | مقدار × اوسط مصارف $Q \times AC$ | قیمت × اوسط مصارف $P \times AC$ | کل مصارف/مقدار TR/Q | کل وصولی معلوم کرنے کا طریقہ: Method to find TR is: | -1 |
| نارمل نقصان Normal loss | نارمل منافع Normal profit | غیر معمولی نقصان Abnormal loss | غیر معمولی منافع Abnormal profit | مکمل مقابلہ کے تحت عرصہ طویل میں فرم کماتی ہے: Under perfect competition in long run firm earns: | -2 |
| اوسط متغیر مصارف Average variable cost | معین مصارف Fixed cost | متغیر مصارف Variable cost | مصارف پیدائش Cost of production | عاملین پیدائش کے معاوضہ جات کو کہا جاتا ہے: The reward of factor of production is called: | -3 |
| انتقالی ادائیگیاں Transfer payments | سود Interest | اُجرتیں Wages | منافع Profit | ان میں سے کون سا قومی آمدنی شامل نہیں ہے؟ Which is not included in National Income? | -4 |
| معاشی سسٹم Economic system | مالیاتی سسٹم Fiscal system | زری سسٹم Monetary system | بارٹر سسٹم Barter system | اشیاء کے بدلے اشیاء کے تبادلے کو کہا جاتا ہے: The exchange of goods with goods is called: | -5 |
| قریبی زر Near Money | کاغذی زر Paper Money | علامتی زر Token Money | معیاری دھاتی زر Standard Metallic Money | ایسا دھاتی زر جس کی ظاہری مالیت اس کی حقیقی مالیت سے زیادہ ہو، کہلاتا ہے: The money whose face value is greater than the intrinsic value is called: | -6 |
| پانچ Five | چار Four | تین Three | دو Two | ایک تجارتی چکر کے ادوار ہوتے ہیں: Phases of a trade cycle are: | -7 |
| ملکی آمدنی Domestic income | شخصی آمدنی Personal income | کل آمدنی Total income | اوسط آمدنی Average income | فی کس آمدن سے مراد ہے: Per capita income means: | -8 |
| کم مصارف Low cost | سستے مصارف پیدائش Cheaper cost of production | تقابلی برتری Comparative cost | کلی برتری Absolute Advantage | ریکارڈو کے بین الاقوامی تجارت کے نظریہ کی بنیاد ہے: The base of international trade theory of Ricardo is: | -9 |

CamScanner

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| متغیر Variable | صفر Zero | لامحدود Un-limited | معین Fixed | قوانین حاصل میں محنت کی اکائیاں ہوتی ہیں: In laws of returns, the unit of labour are: | -10 |
| کمرشل پالیسی Commercial policy | مالیاتی پالیسی Fiscal policy | تجارتی پالیسی Trade policy | زری پالیسی Monetary policy | آمدنی اور اخراجات کی پالیسی کہلاتی ہے: The policy of income and expenditure is called: | -11 |
| فرم Firm | قومی آمدنی National income | رویہ صارف Consumer's behaviour | نظریہ قیمت Price theory | کلی معاشیات میں..........کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ Macroeconomics is studying about ______. | -12 |
| تکثیری Increasing | تقلیلی Decreasing | معکوس Inverse | مضمر Implicit | قانون رسد تفاعل ہے: The function of law of supply is: | -13 |
| Utility افادہ | Demand طلب | Stock ذخیرہ | Supply رسد | گودام میں موجود شے کی مقدار کہلاتی ہے: The quantity of a commodity existing in the warehouse is called: | -14 |
| منفی ہو جاتا ہے Negative | تبدیل نہیں ہوتا Does not change | بڑھ جاتا ہے Increases | کم ہو جاتا ہے Decreases | جب مختتم افادہ منفی ہو تو کل افادہ: When the marginal utility is negative, then the total utility: | -15 |

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A -8 | C -7 | B -6 | A -5 | D -4 | A -3 | C -2 | D -1 |
| | A -15 | B -14 | D -13 | C -12 | C -11 | B -10 | B -9 |

## انشائی طرز

2024 (1st-A)

رول نمبر: ______

اصول معاشیات — انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں) — وقت: 2.10 گھنٹے

پرچہ۔ پہلا — **(حصہ اوّل)** — کل نمبر: 60

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

**سوال 2:** کوئی سے چھے اجزاء کے جوابات تحریر کیجیے۔ **Attempt any six parts.** 6 × 2 = 12

(i) جزوی معاشیات کی تعریف کیجیے۔ **Define Micro Economics.**

جواب: ''جزوی معاشیات میں کسی معیشت کے انفرادی اجزاء عناصر کے رویہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً کسی ایک شے کی قیمت کا تعین یا کسی ایک صارف یا فرم کے رویہ کا مطالعہ و مشاہدہ۔''

In micro economics, the behavior of individual components and elements of an economy is studied. For example, determining the price of a single commodity or a single consumer or a study and observation of the behavior of a firm.

(ii) علم الحقیقت کے تصور کی وضاحت کریں۔ **Explain the concept of Positive Science.**

جواب: اس سے مراد وہ علم ہے جس میں کائنات کے کسی خاص شعبہ میں وقوع پذیر ہونے والے حالات و واقعات کا مشاہدہ اور تجزیہ کر کے انہیں جوں کا توں بیان کر دیا جائے مثلاً فزکس اور کیمسٹری وغیرہ۔

It refers to the knowledge in which the situations and events occurring in a particular field of the universe are observed and analyzed and described as they are, for example: physics and chemistry etc.

(iii) پروفیسر مارشل کی بیان کردہ معاشیات کی تعریف تحریر کیجیے۔ **Write the definition of economics described by Prof. Marshall.**

جواب: ''معاشیات میں انسان کے ان افعال کا مطالعہ کیا جاتا ہے جن کا تعلق زندگی کے روزمرہ معاملات سے ہے۔ یہ علم انسان کی انفرادی اور اجتماعی کوششوں کے اس حصہ کا جائزہ لیتا ہے جس کا اس چیز سے گہرا تعلق ہے کہ خوشحال زندگی کے مادی لوازمات کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ پس معاشیات ایک طرف دولت کا علم ہے اور دوسری طرف (جو پہلی سے زیادہ اہم ہے) خود انسانی زندگی کے ایک پہلو کا۔''

"Economics is the study of Man's actions in the ordinary business of life, It examines that part of individual and social action which is most closely concerned with the attainment and with the use of material requisite of well-being. Thus economics is on one side a study of wealth and on the other and more important side, a part of study of man".

**(iv) افادہ کی تعریف کیجیے۔** **Define Utility.**

جواب: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی، وصف یا قوت کو افادہ کہتے ہیں۔ مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی، روٹی میں بھوک مٹانے کی خوبی، بلب میں روشنی اور قلم میں لکھنے کی خوبی وغیرہ۔

The quality attribute or power of fulfilling human desire in an object is called utility. For example, water quenches thirst, bread quenches hunger quality, light in bulb and writing quality in pen etc.

**(v) قانون رسد کی تعریف کیجیے۔** **Define Law of Supply.**

جواب: اگر باقی حالات جوں کے توں رہیں اور کسی شے کی قیمت بڑھ جائے تو اس کی رسد بڑھ جاتی ہے اور اس کی قیمت کم ہونے پر رسد کم ہو جاتی ہے۔

If other circumstances remain the same and the price of a commodity increases, its supply increases and when its price decreases, the supply decreases.

**(vi) قوسی لچک کے تصور کی وضاحت کیجیے۔** **Explain the concept of Arc elasticity of demand.**

جواب: اگر قیمت میں نمایاں تبدیلی ہو اور اس کی وجہ سے طلب میں بھی نمایاں تبدیلی واقع ہو تو طلب کی اس قسم کی تبدیلی کو طلب کی قوسی لچک کہتے ہیں۔

If there is a significant change in price and demand due to it there is a significant change in demand, then this type of change in demand is called arc elasticity of demand.

**Formula:** فارمولا:

$$E_d = \frac{q^0 - q^1}{q^0 + q^1} \div \frac{p^0 - p^1}{p^0 + p^1}$$

**(vii) متوازن قیمت کی تعریف کیجیے۔** **Define Equilibrium price.**

جواب: جس قیمت پر شے کی طلب و رسد دونوں برابر ہو جائیں اس قیمت کو توازنی قیمت کہا جاتا ہے۔

The price at which both demand and supply of a commodity become equal is called the equilibrium price.

**(viii) مختتم افادہ کے تصور کی وضاحت کیجیے۔** **Explain the concept of Marginal utility.**

جواب: ایک زائد شے کے استعمال سے کل افادہ میں تبدیلی کی شرح کو افادہ مختتم کہا جاتا ہے۔

The rate of change in total utility from the consumption of a surplus is called marginal utility.

$$\frac{\text{Change to total Utility (کل افادہ میں تبدیلی)}}{\text{Change in Item (شے میں تبدیلی)}} = \text{Marginal Utility (افادہ مختتم)}$$

**(ix) طلب کی آمدنی لچک کی تعریف کیجیے۔** **Define Income elasticity of demand.**

جواب: آمدنی میں تبدیلی کی وجہ سے مقدار طلب میں تبدیلی طلب کی آمدنی لچک کہلاتی ہے۔

The change in quantity demanded due to change in income is called the income elasticity.

$$\frac{\text{Percentage change in demand (طلب میں فیصد تبدیلی)}}{\text{Percentage change in Income (آمدنی میں فیصد تبدیلی)}} = \text{Income elasticity (آمدنی لچک)}$$

## سوال 3: کوئی سے چھے اجزاء کے جوابات تحریر کیجیے۔ Attempt any six parts. 6 × 2 = 12

**(i) صریح یا واضح مصارف سے کیا مراد ہے؟** **What is meant by Explicit costs?**

جواب: کرائے پر لیے ہوئے عاملین پیدائش یا دوسروں سے خریدا ہوا مختلف مواد اور دیگر وسائل کے معاوضوں کے طور پر فرم کی جانب سے کی جانے والی ادائیگیاں صریح مصارف کہلاتی ہیں۔ اس میں مزدوروں کی اجرتیں، سرمائے کا سود، عمارت کا کرایہ، خام مال اور ایندھن کی قیمت کی ادائیگی وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔


Payments made by the firm as compensation for various materials and resources purchased from others are called explicit cost. It includes wages of workers, interest on capital, rent of building, payment of cost of raw materials and fuel etc.

**(ii) فرم کی کل وصولی سے کیا مراد ہے؟** **What is meant by Total revenue of firm?**

جواب: کسی شے کی ایک خاص مقدار فروخت کر کے ایک فرم کو جو رقم حاصل ہوتی ہے اسے کل وصولی کہتے ہیں مثلاً اگر کپڑے کی قیمت 10 روپے فی میٹر ہو اور ایک فرم 100 میٹر کپڑا فروخت کرے تو اسے 1000 روپے حاصل ہوں گے، یہ رقم کل وصولی کہلائے گی۔

The amount earned by a firm by selling certain quantity of a commodity, is called total revenue. For example, if the price of cloth is Rs. 10 per meter and a firm sells 100 meters of cloth, it will get Rs. 1000, this amount will be called total revenue.

**(iii) مکمل مقابلے کے تحت اوسط وصولی اور مختتم وصولی کے خطوط کا اظہار کریں۔** **Draw average revenue and marginal revenue curves under perfect competition.**




جواب: مکمل مقابلہ کے تحت فرم کی اوسط وصولی اور مختتم وصولی دونوں برابر ہوتی ہیں لہٰذا ان کو ایک ہی خط سے ظاہر کیا جاتا ہے جو OX خط کے متوازی ہوتا ہے۔

Under perfect competition both the average revenue and marginal revenue of the firm are equal so they are represented by a single letter parallel to the letter OX.

CS CamScanner

**What is meant by Average product?** (iv) اوسط پیداوار سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی عامل پیدائش کی فی اکائی کو اوسط پیداوار کہا جاتا ہے اوسط پیداوار معلوم کرنے کے لیے کل پیداوار کو عامل کی اکائیوں سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

The average production per unit of output of a factor is called average production. To find average output, total output is divided by the units of the factor.

$$\frac{\text{Total production کل پیداوار}}{\text{Units of factors عامل کی اکائیاں}} = \text{Average production اوسط پیداوار}$$

**Describe the definition of Law of diminishing returns.** (v) قانون تقلیل حاصل کی تعریف بیان کریں۔

جواب: اگر عمل پیدائش میں معینہ عامل پیدائش کے ساتھ متغیر عاملین کی اکائیوں میں اضافہ کیا جائے تو کل پیداوار میں اضافہ اکائیوں کی نسبت کم ہو جس کے نتیجہ میں مختتم پیداوار گرتی چلی جاتی ہے تو مختتم پیداوار گرنے کے اس رجحان کو قانون تقلیل حاصل کہتے ہیں۔

If the units of the variable factors are increased with the specific factor of production in the process of production, then the increase in total production is less than the units. As a result of which the marginal product keeps fallings, then this trend of falling marginal product is called the law of diminishing returns.

**What is meant by super normal or abnormal profit of firm?** (vi) فرم کے غیر معمولی منافع سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر فرم کا منافع معمولی منافع سے زیادہ ہو تو منافع غیر معمولی منافع کہلاتا ہے یعنی قیمت اوسط مصارف سے زیادہ ہوتی ہے۔

If the profit of the firm is more than the normal profit then the profit is called abnormal profit i.e price is more than average cost.

**What is meant by Monopoly?** (vii) اجارہ داری سے کیا مراد ہے؟

جواب: اجارہ داری منڈی کی ایسی حالت ہوتی ہے جب کسی شے کو ایک ہی فرم پیدا کر رہی ہو اور منڈی میں کسی اور جگہ سے اس شے کا قریبی نعم البدل بھی دستیاب نہ ہو مثلاً پاکستان میں واپڈا کو بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اجارہ داری حاصل ہے۔

A monopoly is a market condition when a good is produced by a single firm and there are close substitutes for that good else where in the market not available. For example in Pakistan WAPDA has monopoly in power generation and supply.

**Write four assumptions of Marginal productivity theory.** (viii) نظریہ مختتم پیداواری کے چار مفروضے تحریر کیجیے۔

جواب: 1- عاملین مکمل طور پر نقل پذیر ہیں۔ 2- عاملین کی رسد مکمل طور پر لچکدار ہے۔ 3- عاملین کی اکائیوں کو ایک دوسرے سے بدلا جا سکتا ہے۔
4- ہر عامل کی تمام اکائیاں پیداواری استعداد کے لحاظ سے یکساں ہیں۔

1. The factor are completely transferable.
2. The supply of factors is completely elastic.
3. The units of factors can be interchangeable.
4. All units of each factor are identical in terms of production efficiency.

**What is meant by Derived demand?** (ix) ماخوذ طلب سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی ایک شے کی طلب کو پورا کرنے کے لیے کسی دوسری شے کو طلب کرنا پڑے تو دوسری شے کی طلب ماخوذ طلب ہوگی مثلاً مکان کی تعمیر کے لیے اینٹیں، سیمنٹ، سریا اور بجری وغیرہ کی طلب پیدا ہوتی ہے۔ اس مثال میں مکان کی طلب براہ راست طلب ہے جبکہ اینٹوں، سیمنٹ، سریا اور بجری وغیرہ کی طلب ماخوذ طلب ہے۔

If another commodity has to be demanded to meet the demand of on commodity, then the demand for the other commodity will be derivative demand. For example, the demand for bricks cement, lead or gravel etc, is created for the construction of a house, in this example, the demand for housing is direct demand while for bricks, cement, lead or gravel etc is called derivative demand.

**Attempt any six parts.** $6 \times 2 = 12$ **سوال 4:** کوئی سے چھ اجزاء کے جوابات تحریر کیجیے۔

**Describe the meaning of Net National Product.** (i) خالص قومی پیداوار کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: اگر خام قومی پیداوار میں سے سرمائے کی شکست و ریخت کے اخراجات (فرسودگی کے اخراجات) نکال دیے جائیں تو خالص قومی پیداوار حاصل ہوجاتی ہے یعنی خالص قومی پیداوار = خام قومی پیداوار - فرسودگی الاؤنس

If capital loss and depreciation expenses (depreciation allowance) are removed from the gross national product, the net national product is obtained i.e,

Net National Product = Gross National Product - Depreciation Allowance.

**What is meant by Depreciation allowance?** (ii) فرسودگی کے اخراجات سے کیا مراد ہے؟

جواب: مشینیں، اوزار اور آلات وغیرہ کی مرمت کے اخراجات کو فرسودگی الاؤنس کہتے ہیں۔

Expenses incurred on repairs of machinery, tools and equipment etc. are called depreciation allowance.

CamScanner

(iii) زر کے چار فرائض تحریر کریں۔
Write any four functions of money.

جواب: 1- مشترک پیمانہ قدر 2- آئندہ ادائیگیوں کے معیار 3- سرکاری ادائیگیوں اور وصولیوں کا ذریعہ 4- آلہ مبادلہ

1. Common measure of value
2. Standard of future payments
3. Source of government payments and receipts
4. Medium of exchange

(iv) نظریہ مقدار زر کی تعریف کریں۔
Describe Quantity theory of Money.

جواب: ''مقدار زر کی تبدیلی کے نتیجے میں (قیمتوں کی تبدیلی کے ذریعے) قدر زر میں تناسب معکوس سے تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ مقدار زر میں ہر اضافہ قدر زر میں متناسب کمی کا باعث ہوتا ہے جبکہ مقدار زر میں ہر کمی قدر زر میں متناسب اضافے کا باعث ہوتی ہے بشرطیکہ دیگر حالات بدستور قائم رہیں''۔

A change in the quantity of money (Through a change in prices) results in an inversely proportional change in the quantity of money leads to a proportional decrease in the value of money, while every decrease in the quantity of money leads to a proportional increase in the value of money, other things being equal.

(v) تجارتی چکر سے کیا مراد ہے؟
What is meant by Trade cycle?

جواب: ''تجارتی چکر اچھے تجارتی حالات مثلاً قیمتوں کا چڑھنا اور بے روزگاری کی شرح میں کمی اور برے تجارتی حالات مثلاً قیمتوں کا گرنا اور بے روزگاری کی شرح میں اضافہ پر مشتمل ہوتا ہے''۔

Commercial cycle good business conditions, such as rising prices and falling unemployment, and bad business condition, such as falling prices and unemployment consist of an increase rate.

(vi) نظریہ تقابلی مصارف کا مفہوم بیان کریں۔
Describe the concept of Comparative cost theory.

جواب: اگر ایک ملک میں دو اشیاء کو پیدا کرنے کے مصارف محنت کم ہوں اور دوسرے ملک میں ان اشیاء کے مصارف محنت زیادہ ہوں تو پہلا ملک اس شے کو پیدا کرے گا جس میں اس کا تقابلی طور پر زیادہ نفع ہو اور دوسرا ملک اس شے کو پیدا کرے گا جس میں اس کو تقابلی طور پر کم نقصان ہو۔

It costs of labor are producing two goods in a country are less and more in other country, the first country will produce that good which gives its comparative more profit and second country will produce that good which has comparative less disadvantage.

(vii) توازن تجارت سے کیا مراد ہے؟
What is meant by Balance trade?

جواب: ایک ملک کی سال بھر کی مرئی برآمدات کی مالیت اور مرئی درآمدات کی مالیت کا حساب کتاب توازن تجارت کہلاتا ہے۔

The calculation of the value of a country's annual tangible exports and the value of its tangible imports is called the balance of trade.

(viii) ٹیکس کے چار بنیادی اصول تحریر کیجیے۔
Write four basic principles of taxation.

جواب: 1- اصول تیقن 2- اصول مساوات 3- اصول کفایت 4- اصول سادگی

1. Canon of certainty 2. Canon of equality 3. Canon of sufficiency 4. Canon of simplicity

(ix) زکوٰۃ کا مفہوم بیان کریں۔
Describe the concept of Zakat.

جواب: زکوٰۃ سے مراد ایک صاحب نصاب مسلمان کے ذمہ وہ لازم واجبات ہیں جو وہ مذہبی فریضے کے طور پر اپنے مال میں سے مقرر کردہ شرح کے مطابق مستحقین کو اسلامی حکومت کی وساطت سے یا براہ راست ادا کرتا ہے۔

Zakat refers to the obligatory obligations of a Muslim which he pays out of his wealth as a religious duty at a fixed rate to the beneficiaries through the intermediary of the Islamic government or directly.

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ $8 \times 3 = 24$

Note: Attempt any three questions.

**سوال 5:** طلب سے کیا مراد ہے؟ نیز طلب میں تغیرات کے اسباب بیان کیجیے۔

What is meant by demand? Explain the causes of changes in demand.

**سوال 6:** قانون تقلیل افادہ مختتم وضاحت بذریعہ گوشوارہ اور ڈائیگرام کریں۔

Explain the law of diminishing marginal utility with the help of schedule and diagram.

**سوال 7:** مکمل مقابلہ کی خصوصیات بیان کریں۔

Describe the characteristics of perfect competition.

**سوال 8:** قومی آمدنی کی پیمائش کے دو طریقے وضاحت سے بیان کریں۔

Describe two methods of measurement of National income in detail.

**سوال 9:** بین الاقوامی تجارت کے کسی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ وضاحت کریں۔

Write down the disadvantages of international trade on any economy. Explain it.

CamScanner